یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالیہ پرچہ کھولیے

Tear here

Question Paper Serial No. **100**

# A

**CCE RF**
**REVISED**
**FULL SYLLABUS**

7 ● **RF(A)/100/3357**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]

Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]

Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

## ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

## Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

**( ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Fresh )**

ದಿನಾಂಕ : 15. 04. 2023] [ Date : 15. 04. 2023

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 01-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 01-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. سوالات کے لئے بائیں ہاتھ کی جانب حاشئے میں مکمل مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

**I.** مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ **8 × 1 = 8**

1. عہد معاونت پر دستخط کرنے والی پہلی شاہی ریاست

(A) اودھ کے نواب

(B) جونا گڑھ کے نواب

(C) حیدرآباد کے نظام

(D) گوالیار کے سندھیا

2. گوا ہندوستانی یونین میں ضم ہوا

(A) 1951 (B) 1961

(C) 1953 (D) 1963

3. ڈاکٹر ڈی- یم نجنڈ پا ( Dr. D. M. Nanjundappa ) کمیٹی کس مقصد کے تحت بنی ؟

(A) فرقہ واریت کی جانچ

(B) علاقائیت کی جانچ

(C) ناخواندگی کی جانچ

(D) بدعنوانی کی جانچ

4. ''انسانی نسل ایک ہی ذات رکھتی ہے'' کس کا قول ہے ؟

(A) پمپا ( Pampa )

(B) رانّا ( Ranna )

(C) جانّا ( Janna )

(D) پونّا ( Ponna )

5. راجیش نے پچیس ہزار روپے کی ایک TV خریدی وہ دو دن میں خراب ہو جاتی ہے۔ کمپنی والے اس کی شکایت پر نظر ثانی نہیں کرتے ہیں۔ اس وقت وہ کہاں شکایت درج کرتا ہے۔

(A) ضلع گاہک منچ (فورم)

(B) ریاستی کمیشن

(C) قومی کمیشن

(D) تعلقہ گاہک منچ (فورم)

6. مندرجہ ذیل میں روایتی توانائی کی بہترین مثال ہے

(A) ہوائی توانائی

(B) مدوجزری توانائی

(C) شمسی توانائی

(D) قدرتی گیس

7. نیتی آیوگ ( NITI Aayog ) کے سربراہ وزیراعظم ہیں لیکن روزانہ کے انتظامیہ کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

(A) صدر

(B) سکریٹری

(C) نائب وزیراعظم

(D) وائس چیرمین ( Vice-chairman )

8. بچہ مزدوری پر پابندی والا اور قابو میں لانے والے قانون کو اِس سال نافذ کیا گیا ہے

(A) 1988 (B) 1994

(C) 1986 (D) 2006

**II.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں : **8 × 1 = 8**

9. ویلیزلی نے عہد معاونت کیوں جاری کیا تھا ؟

.10 پہلی عالمی جنگ کے فوری اسباب کیا تھے ؟

.11 فرقہ پرستی کیا ہے ؟

.12 تعصب ( Prejudice ) کے معنی کیا ہیں ؟

.13 کال بیساکھی کیا ہے ؟

.14 گنگائی ڈیلٹا کے مانگرو جنگلات کو سندر بن کیوں کہتے ہیں ؟

.15 خسارہ بجٹ کیا ہیں ؟

.16 بینک کس بینک کھاتہ خدمات کے بدلے خدماتی فیس ( سروس چارج ) وصول کرتی ہیں ؟

**.III مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 2 = 16**

.17 ناخواندگی کو ختم کرنے کے لئے حکومت ہند نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں ؟

یا

دہشت گردی کے روک تھام کے لئے ہندوستان میں کئے گئے اقدامات کون کونسے ہیں ؟

18. سماجی پرتوں کے نظام کو تمام مما لک میں نابرابری کا مشاہدہ کیا۔ بیان کیجئے۔

یا

فساد کی شکل وصورت ( Nature ) بیان کریں۔

19. ''انگریزوں نے انڈین کونسل ایکٹ 1909 کو تقسیم کرو اور حکومت کرو کے لئے استعمال کیا تھا۔''
وضاحت کریں۔

20. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کے اثرات کیا تھے ؟

21. ہندوستان میں آب پاشی بہت اہم ( ضروری ) ہے۔ کیوں ؟

22. ہندوستان کا مشرقی ساحل اکثر طوفان کے شکار ہوتے ہیں۔ کیوں ؟

23. سبز انقلاب رونما ہونے کے اسباب کیا تھے ؟

24. صارفین کے تحفظ کا قانون کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟

**IV.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : **9 × 3 = 27**

25. ''کرشنا راجا وڈیر-IV نے اپنی رعایا میں تعلیم کو عام کرنے کے لئے بہت دلچسپی رکھتے تھے'' وضاحت کیجئے۔

26. جنگ بکسر کے نتائج بیان کریں۔

27. پرارتھنا سماج کے مقاصد کیا تھے ؟

**یا**

اعتدال پسندوں نے انگریزوں کے سامنے اپنے کون سے مطالبات رکھے ؟

28. عالمی معاشی مسائل کو حل کرنے میں IMF کے کردار کی وضاحت کریں۔

29. غیر منظم مزدوروں کے مسائل کی فہرست بنائیں۔

30. مٹی کا کٹاؤ بہت سارے مسائل کا باعث بنتا ہے۔ وضاحت کریں۔

31. ہندوستان کے مشرقی ساحل میں پائے جانے والے اہم بندرگاہیں کی فہرست بنائیں۔

یا

زلزلوں کے احتیاطی اقدامات کی فہرست بنائیں ؟

32. دیہی علاقوں میں خواتین کے خود امدادی تنظیموں کا اہم کردار کیا ہے ؟

یا

مرکزی حکومت کے اکٹھا کی جانے والی اہم بغیر ٹیکس کی آمدنی کے طریقے کونسے ہیں ؟

33. کاروباری شخص کی خصوصیات کا ذکر کریں۔

یا

بینک اپنے صارفین کو بہت سارے خدمات فراہم کرتی ہے۔ ان کا ذکر کریں۔

**V.** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : **4 × 4 = 16**

34. دوسری تمام ریاستوں کا ہندوستانی حکومت میں شمولیت کے مقابلے میں کشمیر کی شمولیت کا ایک مخصوص درجہ رکھتی ہے۔ کیوں ؟

35. اِن دنوں چین اور ہندوستان کے درمیان تعلقات کشیدہ ہیں۔ کیوں ؟

36. زراعت ہندوستانی معیشیت میں اہم کردار نبھاتی ہے۔ جواز پیش کریں۔

37. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کے سیاسی اور معاشی اسباب کو بیان کیجئے۔

یا

جلیان والا باغ سانحہ کی وضاحت کریں۔

**VI.** 38. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : **1 + 4 = 5**

a) $82\frac{1^\circ}{2}$ مشرقی طول البلد

b) کوچی

c) وشاکھا پٹنم

d) کوئینا ( Koyna )

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: ( سوال نمبر 38 کی جگہ )**

ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟ **5**